PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی کا کرکٹ کی سرگرمیوں کی مرحلہ وار اور محتاط بحالی کا اعلان

- این ایچ پی سی میں اسکلز اور فزیکل ٹریننگ کی سہولیات کے بتدریج استعمال سے متعلق فریم ورک تیار
- تفریحی کرکٹ (غیر پیشہ ور) کے منتظمین اور کھلاڑیوں کو کوویڈ19 سے متعلق حکومتی پروٹوکولز پر مکمل عملدرآمد کی درخواست
- صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں، پرعزم ہیں کہ مستقبل قریب میں مزید کھلاڑیوں کے لیے بھی دروازے کھولیں گے، ندیم خان

**لاہور، یکم ستمبر 2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے کوویڈ19 پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کرتے ہوئے ملک بھر میں کرکٹ کی سرگرمیوں کی مرحلہ وار، بتدریج اور محتاط بحالی کا دوبارہ سے آغاز کرنے کا اعلان کیا ہے۔

کھلاڑیوں کی صحت اور حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے پی سی بی نے پہلے مرحلے میں حکومت کی جانب سے جاری کردہ کوویڈ19 پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کرتے ہوئے فی الحال موجودہ کرکٹرز کے لیے سہولیات کھولنے اور تفریحی کرکٹ (غیر پیشہ ور) کی دوبارہ بحالی کی اجازت دی ہے۔

آئندہ کرکٹ سیزن کی تیاری کے لیے ایلیٹ کھلاڑیوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اس عمل کی تیاری

میں پی سی بی کے میڈیکل اینڈ اسپورٹس سائنسز نے صورتحال کا بغور جائزہ لیا ہے۔

دوسرے مرحلے میں پی سی بی ڈومیسٹک کرکٹ سیزن سے متعلق اپنے پروٹوکولز جاری کرے گا۔ پی سی بی ملک میں کورونا وائرس کی بدلتی صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہا ہے اور اس ضمن میں جب مناسب سمجھے گا پروٹوکولز میں تبدیلی کرسکے گا۔

ایسے کرکٹرز جنہوں نے گذشتہ 12 ماہ کے دوران ایج گروپ، ویمنز اور مینز کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی کی، سابقہ کرکٹرز جو پی سی بی کے روزمرہ انتظامی امور میں شامل ہیں یا وہ کھلاڑی جن کا ری ہیب پروگرام جاری ہے، انہیں کوویڈ 19 پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کرتے ہوئے ان سہولیات کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

پہلے مرحلے میں جو کھلاڑی بھی نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کی سہولیات کو استعمال کرنے کے اہل ہیں انہیں nhpcbookings@pcb.com.pk پر پیشگی ای میل کے ذریعے اپنی بکنگ کرانی ہوگی۔

اس دوران سماجی فاصلے کے معیاری پروٹوکولز پر مکمل عمل کیا جائے گا اور ایک ہی سامان کو اسٹیرلائز کیے بغیر متعدد افراد کو استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔

کھلاڑیوں کو اپنے اسسٹنٹ اور ہیلپرز ہمراہ لانا منع ہوگا جبکہ نیٹ باؤلرز کی نامزدگی اور منظوری کے لیے بھی نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کے حکام سے رابطہ کرنا ہوگا۔

بین الاقوامی کرکٹ کے معیار کے مطابق کھلاڑیوں کو نیٹ پریکٹس کے دوران گیند کو تھوک لگانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

این ایچ پی سی میں آمد پر کھلاڑیوں کو اپنے چہرے ماسک سے ڈھاپنے اور داخلی دروازے پر اپنا بخار چیک کرانا ہوگا۔ اس

دوران کھلاڑیوں کو ڈس انفیکیشن گیٹ سے گزرنا اور اپنی مقررہ جگہ پر ہی ٹریننگ کرنا لازم ہوگا۔

**ندیم خان، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس ندیم خان نے کہا کہ ان پروٹوکولز کی تیاری اس لیے بھی ضروری تھی تاکہ ہمارے ایلیٹ کھلاڑی ایک بہترین اور محفوظ ماحول میں آئندہ سیزن کی تیاری کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک جامع اور مربوط پلان کی تیاری پر اپنی میڈیکل ٹیم کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں، انہیں اعتماد ہے کہ یہ ٹیم ہمارے کھلاڑیوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنائے گی۔

ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس کا کہنا ہے کہ یہ غیر معمولی حالات ہیں جو کہ مسلسل بدل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں اور پرعزم ہیں کہ مستقبل قریب میں مزید کھلاڑیوں کے لیے بھی دروازے کھولیں گے۔

پی سی بی نے ملک میں کوویڈ 19 کی وباء کے پھیلاؤ کے سبب 17 مارچ کو کرکٹ کی تمام سرگرمیوں کو معطل کردیا تھا۔ اب منگل کے روز پی سی بی نے تفریحی کرکٹ (غیر پیشہ ور) کی ان سرگرمیوں کے دوبارہ آغاز کی اجازت دے دی ہے۔ اس حوالے سے تمام منتظمین اور شرکاء کو کوویڈ 19 سے متعلق حکومتی پروٹوکولز پر مکمل عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

ندیم خان کا کہنا ہے کہ تفریحی کرکٹ (غیر پیشہ ور) پر ہمارا کنٹرول تو نہیں ہے مگر پاکستان میں کھیل کی گورننگ باڈی کی حیثیت سے تمام منتظمین سے درخواست کرتے ہیں کہ ان سرگرمیوں میں شریک افراد کو حکومت کے پروٹوکولز برائے کوویڈ 19 پر مکمل عمل کرنے کو یقینی بنائیں کیونکہ یہ خود ان کے، ان کے عزیزواقارب اور کرکٹ کے بہترین مفاد میں ہے۔ ندیم خان نے کہا کہ کھیل ایک صحت مندانہ سرگرمی ہے اور اسے اسی حیثیت میں برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content

Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4